nystateofhealth™
The Official Health Plan Marketplace

# کیا آپ غیر دستاویز یافتہ مہاجر ہیں اور آپ کی عمر 65 سال یا زائد ہے؟

# آپ نیو یارک کے Expanded Medicaid کے اہل ہو سکتے ہیں



نیو یارک نے اپنے Medicaid پروگرام کو توسیع دے کر اس میں چند غیر دستاویز یافتہ مہاجرین کو شامل کیا ہے۔ جن افراد کی عمر 65 سال یا زائد ہے اور ان کی آمدن ایک مخصوص رقم تک محدود ہے، وہ اہل ہیں۔

## 1 Expanded Medicaid کیا ہے؟

یہ Medicaid Managed Care کے ذریعے کوریج ہے۔۔ اس میں آپ کی نگہداشت صحت کی ضروریات کا احاطہ کیا جاتا ہے۔ اس میں صحت کی ہنگامی صورتحال سے زیادہ چیزوں کا احاطہ کیا جاتا ہے۔ وظائف میں ڈاکٹر سے معمول کی ملاقاتیں، مجوزہ معائنے، لیب ٹیسٹ اور دیگر شامل ہیں۔ یہ ادویات اور سامان کا بھی احاطہ کرتا ہے۔ Medicaid Rx فارمیسی میں ادائیگی کرنے میں آپ کی مدد کرتا ہے۔

## 2 کیا میں اہل ہوں؟

ضروری ہے کہ آپ نیو یارک کے رہائشی ہوں۔ آپ کی عمر 65 سال یا زائد ہونی چاہیے۔ آپ درج ذیل کے حامل ہو سکتے ہیں:

- ایک شخص کے لئے $20,783 یا اس سے کم آمدن، یا دو افراد کے گھرانے کے لئے $28,208 یا اس سے کم آمدن
- ایک شخص کے لئے $31,175 یا اس سے کم وسائل، یا دو افراد کے گھرانے کے لئے $42,312 یا اس سے کم وسائل

## 3 مجھے یہ کیسے ملے گا؟

اگر آپ پہلے سے Emergency Medicaid کے حامل ہیں تو آپ کو خود بخود Expanded Medicaid مل جائے گی:

- NY State of Health آپ کو ایک خط ارسال کرے گا۔ اس میں آپ سے ایک Medicaid Managed Care plan کا انتخاب کرنے کی درخواست کی جائے گی۔ براہ کرم خط میں درج تاریخ تک یہ کام کر دیں۔ جب آپ کوئی پلان چن لیں گے تو آپ کو آپ کی نئی انشورنس کی آغاز کی تاریخ پر مشتمل خط موصول ہو گا۔

آپ NY State of Health کے ذریعے براہ راست اس کوریج کی درخواست نہیں کر سکتے۔

- اگر آپ کے پاس انشورنس نہیں ہے تو ضروری ہے کہ آپ پہلے Emergency Medicaid کی درخواست دیں۔
- آپ Local Department of Social Service میں یا New York City Human Resources Administration میں Emergency Medicaid کی درخواست دے سکتے ہیں۔
- Emergency Medicaid حاصل کرنے کے بعد آپ Expanded Medicaid کے اہل ہو جائیں گے۔

## 4 اگر مجھے Expanded Medicaid نہیں چاہیے تو کیا ہو گا؟

آپ Expanded Medicaid نہ لینے کا فیصلہ کر سکتے ہیں۔ ایسا کرنے کے لئے NY State of Health کو کال کریں۔ 1-855-355-5777 پر کال کریں۔ صرف Emergency Medicaid کی درخواست کریں۔ آپ اس نمبر پر فون کر کے سوالات بھی پوچھ سکتے ہیں۔

**درخواست دینے میں مدد درکار ہے؟ درج ذیل تنظیمیں مدد کر سکتی ہیں:**

**https://www.health.ny.gov/health_care/medicaid/fe_abd.htm**

**آپ ہمیں درج ذیل پر فون بھی کر سکتے ہیں:**

**NY State of Health:**
**1-855-355-5777**
**(TTY: 1-800-662-1220)**

**بذریعہ فون اور آمنے سامنے آپ کی زبان میں مدد دستیاب ہے۔**

NY State of Health قابل اطلاق وفاقی شہری حقوق کے قوانین اور ریاستی قوانین کی پیروی کرتا ہے اور نسل، رنگ، آبائی ملک، عقیدے/مذہب، جنس، عمر، ازدواجی/فیملی کی حیثیت، گرفتاری کے ریکارڈ، جرم کے باعث سزایابی، صنفی شناخت، جنسی رجحان، جینیاتی خصوصیات کے میلان، فوج میں شرکت، گھریلو تشدد کا شکار ہونے اور/یا بدلے کی بنیاد پر امتیازی سلوک نہیں کرتا۔

Si usted habla un idioma diferente al inglés, los servicios de asistencia de idioma están disponibles gratis para usted. Llame al 1-855-355-5777 (TTY: 1-800-662-1220).

如果您使用的語言不是英語，您可以使用我們的免費語言支援服務。請致電 1-855-355-5777 (TTY: 1-800-662-1220)。